سوال

(755) فجر کی دوسری رکعت میں ملنے والا مقتدی بعد از سلام فوت شدہ رکعت میں صرف فاتحہ ہی پڑھے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صبح کی جماعت ہو رہی ہے آدمی ایک رکعت لیٹ ہو گیا جو رکعت وہ جماعت کے ساتھ پڑھے گا اس میں صرف سورہ فاتحہ پڑھے گا اور دوسری رکعت اکیلے پڑھے گا کیا اس میں فاتحہ کے بعد کوئی اور سورت پڑھنی چاہیے کہ نہیں ؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

فجر کی نماز میں ایک رکعت کے بعد ملنے والا مقتدی بعد از سلام جو رکعت اکیلا پڑھے گا اس میں فاتحہ کے ساتھ کوئی اور سورت بھی ملا سکتا ہے کیونکہ اس رکعت کی ادائیگی انفرادی حیثیت میں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ: 646

محدث فتویٰ